علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مقاصد شریعہ (2630) **سمسٹر: بہار، 2026**

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ شریعت کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم تحریر کریں، نیز شریعت اسلامیہ کے اصولی اور بنیادی احکام کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ "محکوم فیہ" سے کیا مراد ہے؟ اصولِ فقہ کی روشنی میں اس کی شرائط اور احکام پر ایک مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ احصان سے کیا مراد ہے اور اس کے ارکان کون کون سے ہیں؟ نیز، شریعتِ اسلامیہ میں مُحصن (شادی شدہ زانی) کی سزا کیا ہے؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شریعتِ اسلامیہ میں ثبوت (Evidence) اور معاہدات (Contracts) کے نظریات پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ بدعت کا مفہوم واضح کریں۔ بدعت پھیلانے اور اس پر عمل کرنے کی شرعی سزا یا وعید پر ایک مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ دین کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم واضح کریں۔ نیز، دلائل سے ثابت کریں کہ دنیا اور آخرت دین کے دو الگ الگ شعبے نہیں بلکہ باہم مربوط اور یکجا ہیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ م صلحتِ تحسینیہ کی تعریف اور مثالوں سے وضاحت کریں۔ مقاصدِ شریعہ میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ شریعت اسلامیہ میں تعددِ ازدواج (Polygyny) کا تصور کیا ہے اور اس کے شرعی اصول و حکمتیں کیا ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ شریعت میں حاکم (امیر / خلیفہ) کی ذمہ داریاں اور اختیارات کیا ہیں؟ حاکمیت کے اسلامی نظریات کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تکلیف کے احکام کی بنیادی اقسام کیا ہیں؟ فرض، واجب، سنت، اور مباح کی تعریف اور ان میں فرق کی وضاحت کریں۔ (20)